Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 7 Short Questions Preparation

Q1. قانون کی تعریف کریں.

Ans 1: اصولوں کا ایسا مجموعہ جنہیں ریاست منظور کرتی ہے اور عدالتوں کے ذریعے نافذ کرتی ہے،قانون کہلاتا ہے.

Q2. شائستہ آداب کی تعریف کریں.

Ans 1: شائستہ آداب یا معروف آداب کسی ثقافت کے زیادہ مضبوط اور مستحلم معمولات ہوتے ہیں.ان کا مقام لوگ ریت سے بلند ہوتا ہے.اس لیے کی کی اہمیت بھی معاشرے میں زیادہ ہوتی ہے.یہ بھی رواجی کردار کو متعین کرتے ہیں.

Q3. منفی غیر رسمی مستحبات کی چار مثالیں لکھیں.

Ans 1: 1.ہنسی مذاق اڑانا 2.گالی دینا 3.دھمکی دینا 4.خوف زدہ کرنا.

Q4. گاؤں کے دوخواص بیان کریں.

Ans 1: 1.گاؤں کی آبادی پانچ ہزار افراد سے کم ہوتی ہے. 2.گاؤں میں فنی ماہریں دستیاب ہوتے ہیں جن میں ٹریکٹر ،ٹیوب ویل کی ابتدائی مرمت کرنےوالے ،نلکا مرمت کرنے والا اور درزی وغیرہ شامل ہیں.

Q5. انسانی اور حیوانی معاشرہ میں دو مماثلیں لکھیں.

Ans 1: انسانی کی طرح حیوانات میں بھی معاشرتی زندگی پائی جاتی ہے لیکن انسان کا معاشرہ حیوانی معاشرت سے مختلف ہے.انسانی معاشرہ میں ثقافت کا تصور پایا جاتا ہے جس کے مطابق معاشرے کے لوگ اپنی زندگی گزارتے ہیں،لیکن حیوانوں میں ثقافت نہیں ہوتی ،ہر حیوان اپنی زندگی میں بطور جبلت اپنا کردار کرتا ہے.

Q6. معاشرتی معمولات کے دو وظائف بیان کریں.

Ans 1: 1.معاشرتی معمولات افراد کی معاشرے میں رہنمائی کرتے ہیں. 2.معاشرتی معمولات افراد کے کردار کو معاشرتی حالت کے مطابق کنٹرول کرتا ہے..

Q7. لوک ریت کی تعریف کریں.

Ans 1: لوک ریت معاشرے کے منظور کردہ انداز زندگی ہیں جو تفاعل کی پیداوار ہے و ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتے رہتے ہیں.

Q8. مثبت رسمی مستحبات کی تعریف کریں.

Ans 1: رسمی مستحبات وہ مستحبات ہیں جنہیں قانون کی شکل حاصل ہو.یا کسی مقرر شدہ اصول و ضابطے کے تحت عمل میں آتے ہوں.ان میں مثبت اور منفی دونوں قسم کے مستحات شامل ہیں.

Q9. انسانی معاشرے کے دو لوازمات لکھیں.

Ans 1: انسانی معاشرے کے دو لوازمات درج ذیل ہیں 1.افراد کا ایک بڑا مجموعہ 2.کسی سیاسی نظام کا موجود ہونا

Q10. بلدیاتی آبادکاری کی تعریف کریں.

Ans 1: افراد کی تعداد پانچ ہزار نفوس سے زیادہ ہو،کسی ایک مقام پر اکھٹے ہوتے ہوں.زندگی گزارنے کی جدید سہولتیں،ریل،ہسپتال.سکول،کالج منڈی اور انتظامیہ کے ادارے بھی پائے جاتے ہو اور زندگی گزارنے کے انداز پیچیدہ نوعیت کے ہوں ایسی علاقہ بلدیاتی آباد یا علاقہ کہا جاتا ہے.